**ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کاایک اہم اورطویل اجلاس انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ہوا**

**اجلاس کئی گھنٹوں تک جاری رہا،موجودہ سیاسی صورتحال، مجوزہ آئینی اصلاحات،مخلوط حکومت کے معاملات**

**اورمجموعی صورتحال کاتفصیلی جائزہ لیاگیا،ایم کیوایم کے آئندہ لائحہ عمل پرغوروخوص کیاگیا**

**اجلاس میں لوڈشیڈنگ، بڑھتی ہوئی مہنگائی اوربیروزگاری سمیت دیگرعوامی مسائل پرسخت تشویش کااظہارکیاگیا رابطہ کمیٹی کااہم اجلاس کل بھی جاری رہے گا**

لندن۔۔۔25 مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کاایک اہم اورطویل اجلاس آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ہوا۔اجلاس میں پاکستان سے آئے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرانیس احمدقائم خانی،اراکین رابطہ کمیٹی مصطفےٰ کمال،وسیم آفتاب،نیک محمد،واسع جلیل،وفاقی وزیربابرغوری اورلندن میں موجودرابطہ کمیٹی کے ارکان طارق جاوید،سلیم شہزادانیس ایڈوکیٹ،محمدانور،محمداشفاق،آصف صدیقی،مصطفےٰ عزیزآبادی،قاسم علی رضااورجاویدکاظمی نے شرکت کی ۔اجلاس کئی گھنٹوں تک جاری رہاجس میں پاکستان کی موجودہ سیاسی صورتحال، مجوزہ آئینی اصلاحات،مخلوط حکومت کے معاملات اورمختلف سیاسی معاملات سمیت ملک کی مجموعی صورتحال کاتفصیلی جائزہ لیاگیااوراس حوالے سے ایم کیوایم کے آئندہ لائحہ عمل پرغوروخوص کیاگیا۔اجلاس میں لوڈشیڈنگ، بڑھتی ہوئی مہنگائی اوربیروزگاری سمیت دیگرعوامی مسائل پرسخت تشویش کااظہارکیاگیا۔رابطہ کمیٹی کایہ اہم اجلاس کل بھی جاری رہے گا۔

**ڈاکٹرفاروق ستاراوررضاہارون کی سربراہی میں ایم کیوایم کے وفدکی وزیراعظم سے ملاقات**

اسلام آباد۔۔۔25،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزووفاقی وزیرسمندرپارپاکستانیز ڈاکٹرفاروق ستاراوررکن رابطہ کمیٹی وصوبائی وزیربرائے انفارمیشن ٹیکنالوجی رضاہارون نے جمعرات کے روزاسلام آبادمیں وزیراعظم پاکستان سیدیوسف رضاگیلانی سے دوملاقاتیں کیں اوران سے جمہوریت کے فروغ،ملک کی سیاسی،معاشی واقتصادی اورامن وامان کی صورتحال سمیت دیگرامور پرتفصیلی تبادلہ خیال کیا۔وزیراعظم سے ملاقات کے دوسرے مرحلے میں ڈاکٹرفاروق ستاراوررضاہارون کی سربراہی میں حق پرست اراکین قومی اسمبلی ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ،آصف حسنین،ڈاکٹرندیم احسان،وسیم اختر،اقبال محمدعلی،سفیان یوسف اورطیب حسین بھی شامل تھے۔ملاقات میں ایم کیوایم کے رہنماؤں نے وزیراعظم سیدیوسف رضاگیلانی کوکراچی وحیدرآبادمیں ترقیاتی کاموں کی تفصیلات سے آگاہ کیااوربعض منصوبوں کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں سے بھی وزیراعظم کوآگاہ کیا۔ایم کیوایم کے حق پرست نمائندوں نے ترقیاتی منصوبوں کی رفتارکومزیدتیزکرنے پرزوردیتے ہوئے کراچی وحیدرآبادسمیت اندرون سندھ بجلی کی طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ پرعوام میں پائی جانے والی بے چینی سے بھی آگاہ کیا۔دونوں ملاقاتیں انتہائی خوشگوارماحول میں ہوئیں جس میں جمہوری عمل کومستقبل میں مضبوط بنانے کیلئے حق پرست اراکین کی جانب سے مختلف آراءبھی پیش کی گئیں ۔اس موقع پروزیراعظم سیدیوسف رضاگیلانی نے اپنی اوروفاقی حکومت کی جانب سے ایم کیوایم کے وفدکوہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور جمہوریت کے فروغ،بجلی کے بحران اورہوشربامہنگائی کے خاتمے اورعوام کے بنیادی مسائل کومل جل کرحل کرنے پرزوردیا۔

## حیدرآباد سمیت اندرون سندھ میں سترہ سترہ گھنٹے کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا نوٹس لیا جائے، ارکان اسمبلی حیدرآباد

حیدرآباد۔۔۔25، مارچ 2010ء

حیدرآباد سے منتخب متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے واپڈا اور حیسکو کی جانب سے صوبہ سندھ کے دوسرے بڑے شہر حیدرآباد میں سترہ سترہ گھنٹے کی بدترین لوڈشیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ کا فی الفور نوٹس لیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں ارکان اسمبلی نے کہا کہ حیدرآباد سمیت اندرون کے دیگر علاقوں میں گزشتہ کئی روز سے طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن بن گئی اور انہیں روزمرہ کے کاموں میں شدید مشکلات اور دشواریوں کا سامنا کرنا پڑھ رہا ہے جبکہ لوڈشیڈنگ کے سبب حیدرآباد کی صنعتیں مکمل طور پر بند ہوکر رہ گئی ہیں، دفاتر میں حاضری کم ہوگئی، اسپتالوں میں انتہائی نوعیت کے آپریشن التواء کا شکار ہیں اور پمپنگ اسٹیشن بھی بند ہیں جس کے باعث شہریوں کو شدید گرمی میں پانی بھی میسر نہیں ہو پا رہا ہے اور وہ احتجاج پر مجبور ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کے شہری باقاعدگی سے بجلی کے بل ادا کرتے آرہے ہیں انہیں بجلی کے طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ کا نشانہ بنانا سراسر ناانصافی اور ظلم ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب بجلی کی پیداوار بڑھانے کے بڑے بڑے دعویٰ کرکے بجلی کے نرخوں میں ہر ماہ اضافہ کیا جارہا ہے جبکہ دوسری جانب طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جس نے ان دعوؤں کی قلعی کھل دی ہے۔ حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر پانی و بجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا ہے کہ حیدرآباد سمیت اندرون سندھ کے تمام علاقوں میں طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کا نوٹس لیا جائے اور لوڈشیڈنگ کی ذمہ دار اعناصر کے خلاف کارروائی عمل لائی جائے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 27 مارچ لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ منعقد کی جائیگی

کراچی۔۔۔25، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام ہر سال کی طرح امسال بھی ہفتہ 27 مارچ بمطابق 10 ربیع الثانی بعد نماز عشاء عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں ذکر مصطفیٰ ﷺ کی محفل سجائی جائے گی جس میں ملکی و بین الاقوامی ثناء خواں و نعت خواں بارگاہ رسالت میں گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔ محفل میلاد کی روح پرور محفل میں علمائے کرام، مشائخ وعظام بھی شرکت کریں گے اور سیرت النبیؐ پر تفصیلی روشنی ڈالیں گے۔ لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ کی تیاریوں کا سلسلہ شروع کردیا گیا اور اس کیلئے مختلف کمیٹیاں بھی تشکیل دیدی گئی ہیں جنہوں نے اپنا کام کا آغاز کردیا ہے۔

## اے پی ایم ایس او کی جانب سے ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت ایڈمیٹ کارڈ کے اجراء میں تاخیر پر امتحانی تاریخ آگے بڑھانے پر گورنر سندھ کے فیصلے کا خیر مقدم

کراچی۔۔۔25مارچ، 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین و اراکین مرکزی کابینہ نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی جانب سے ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت نویں اور دسویں جماعت کے امتحانات کی تاریخ میں توسیع کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سال ہذا میں ہونے والے میٹرک بورڈ کے امتحانات میں طلبہ و طالبات کو ایڈمٹ کارڈز کے اجراء کے حصول میں جس ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑا اور بروقت ایڈمٹ کارڈ کے اجراء نہ ہونے پر گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد نے طلبہ کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات پر ازخود نوٹس لیتے ہوئے میٹرک کے پرچوں کی تاریخ میں دو دن کی توسیع کا جو اعلان کیا ہے وہ شہر بھر کے طلبہ کے تعلیمی کیریئر کو محفوظ بنانے کیلئے موثر قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ گورنر سندھ کے اس فیصلے نے سینکڑوں طلبہ کے مستقبل کو تاریک ہونے سے بچایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایڈمٹ کارڈ کے اجراء میں تاخیر پر غفلت برتنے والے بورڈ کے متعلقہ ذمہ داران کیخلاف تادیبی کارروائی عمل لائی جائے۔ تاکہ آئندہ طلبہ کو اس قسم کی مزید پریشانی میں مبتلا نہ ہونا پڑے۔

## شعبہ خواتین کی جانب سے خواتین کیلئے تعلیم بالغاں پروگرام کا آغاز

کراچی۔۔۔25، مارچ2010ء

ناخواندہ خواتین میں تعلیم کی اہمیت اجاگر کرنے، شعور وخوداعتمادی بڑھانے اور خواتین کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرکے معاشرے میں عزت سے جینے کا حق دلانے کیلئے متحدقومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم شعبہ خواتین کے زیراہتمام ہرعمر کی خواتین کیلئے ''پڑھو اور بڑھو'' کے عنوان سے سیکٹرز کی سطح پر باقاعدہ پروگرام کا آغاز کردیا گیا ہے۔ جس کے پہلے مرحلے میں کورنگی، لائنز ایریا، ایف بی ایریا، شاہ فیصل کالونی، گلستان جوہر اور نارتھ کراچی کی رہائشی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی جہاں انہوں نے ابتدائی تعلیم کے پہلے مرحلے میں اپنے کورس کو مکمل کیا جبکہ تعلیم کے حصول کی خواہاں خواتین کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کیلئے ایم کیوایم کی کارکنان وہمدرد خواتین اساتذہ کی تربیت بھی کی گئی۔ واضح رہے کہ خواتین کے عالمی دن کے موقع پر قائد تحریک الطاف حسین کے پیغام میں اس بات کی واضح نشاندہی کی گئی تھی کہ خواتین تعلیم حاصل کریں اور آگے بڑھیں۔

☆☆☆☆☆